1

PAPER CODE - 5431

نہم کلاس 12021

ایجوکیشن **DGK - 21** **حصہ معروضی** وقت = 20 منٹ ، کل نمبر = 15

ہدایات: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پر کرنے یا کاٹ کر پر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا

سوال نمبر 1

1۔ "وحی کا سلسلہ کس شکل میں ہمارے پاس محفوظ ہے۔ (A) قرآن مجید (B) حدیث (C) سنت (D) اجماع

2۔ " بے شک مجھے معلم بنا کر بھیجا گیا " یہ ارشاد ہے
(A) حضرت ابوبکر صدیقؓ (B) حضرت عمر فاروقؓ (C) حضرت علیؓ (D) خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ

3۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی کلاس مثال ہے۔ (A) رسمی تعلیم (B) غیر رسمی تعلیم (C) نیم رسمی تعلیم (D) کوئی بھی نہیں

4۔ امام غزالی تھے۔ (A) ماہر نفسیات (B) سیاست دان (C) معلم (D) مفکر

5۔ ابتدائی اَدوار میں انسان اپنی نئی نسل کی تعلیم و تربیت کا خیال کیسے رکھتا تھا
(A) معاشرہ کے ذریعے (B) سکول کے ذریعے (C) والدین کے ذریعے (D) رشتہ دار کے ذریعے

6۔ عمر کا وہ کون سا حصہ ہے، جس میں بچے کا انحصار ماں کے دودھ پر ہوتا ہے۔ (A) بچپن (B) لڑکپن (C) شیر خوارگی (D) طفولیت

7۔ طفولیت میں لسانی نشو و نما کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے (A) بولنے سے (B) ذخیرہ الفاظ سے (C) خود اعتمادی سے (D) خود انحصاری سے

8۔ پیدائش کے وقت بچے کا اوسط وزن ہوتا ہے (A) 5 سے 6 پونڈ (B) 6 سے 7 پونڈ (C) 7 سے 8 پونڈ (D) 8 سے 9 پونڈ

9۔ ذہانت کے اختلاف "تعلّم" میں کردار ادا کرتے ہیں۔ (A) اہم (B) اہم تر (C) اہم ترین (D) منفی

10۔ بچے کی بالیدگی اور نشو و نما کا عمل ہوتا ہے (A) سست (B) تیز (C) مسلسل اور باقاعدہ (D) کوئی بھی نہیں

11۔ متعلم کی سب سے پہلی اور اہم ضرورت ہے۔ (A) لباس (B) جسمانی اور ذہنی صحت (C) جائزہ (D) کامیابی

12۔ سکول معاشرے کی مدد کرتا ہے۔
(A) روزگار کے حصول کے لیے (B) ثقافت کی منتقلی کے لیے (C) اختلاف ختم کرنے کے لیے (D) معاشرتی زندگی کی تیاری کے لیے

13۔ اعلیٰ سطح پر تحقیق کا ادارہ ہے (A) ہائیر سیکنڈری (B) یونیورسٹی (C) HEC (D) کالج

14۔ گھر کی تعلیم کا انداز ہوتا ہے۔ (A) رسمی (B) غیر رسمی (C) نیم رسمی (D) معاشرتی

15۔ کون تہذیبی ورثہ کا تحفظ اور اسے آئندہ نسلوں تک منتقل کرتا ہے۔ (A) معلم (B) متعلم (C) تعلیم (D) نصاب

ParhloPakistan.com

DGK-21

نہم کلاس 12021

ایجوکیشن

وقت=2 گھنٹے 10 منٹ

کل نمبر=60

## حصہ انشائیہ

حصہ اول

سوال نمبر 2 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | حصول علم کے لیے خاتم النبیین نبی کریم ﷺ کی دعا تحریر کیجیے | ۲ | اسلامی نقطہ نظر سے علم کا سرچشمہ کیا ہے ؟ |
| ۳ | امام غزالیؒ نے تعلیم کے مفہوم کی وضاحت کس طرح کی ہے ؟ | ۴ | ثقافتی ورثہ کی منتقلی اور تحفظ سے کیا مراد ہے ؟ |
| ۵ | رسمی تعلیمی اداروں کے قیام کی دو وجوہات لکھیے | ۶ | اسلام میں تعلیم کے ذریعے افراد معاشرہ کو کس طرح تیار کیا جاتا ہے ؟ |
| ۷ | بچے کے اولین اساتذہ کون ہوتے ہیں ؟ | ۸ | جمہوریت کے بارے میں مفکرین کس بات پر اتفاق کرتے ہیں ؟ |
| ۹ | ثقافت کے تحفظ کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے ؟ | | |

سوال نمبر 3 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | خاتم النبیین رسول پاک ﷺ نے چھوٹوں اور بڑوں کے بارے میں کیا حکم فرمایا ؟ | ۲ | اللہ تعالیٰ نے انسان کی فطرت کیسے بنائی ہے ؟ |
| ۳ | دو ذرائع ابلاغ کے نام لکھیے | ۴ | پیدائش کے وقت بچے کا اوسطاً قد کتنا ہوتا ہے ؟ |
| ۵ | طفولیت میں جسمانی نشوونما کی وضاحت کیجیے | ۶ | بچپن میں جسمانی نشوونما کی دو خصوصیات لکھیے |
| ۷ | چھ سال کی عمر میں بچے کے ذخیرہ الفاظ کتنے ہوتے ہیں ؟ | ۸ | جذباتی اختلافات بچے کو کس ماحول سے ملتے ہیں ؟ |
| ۹ | ذہانت کے اختلافات سے کیا مراد ہے؟ | | |

سوال نمبر 4 درج ذیل میں سے کوئی چھ اجزاء کے مختصر جوابات لکھیے 2x6=12

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | معاشرتی اختلافات کی دو اقسام لکھیے | ۲ | کمیونٹی کی وضاحت کیجیے |
| ۳ | طفولیت اور معاشرتی نشوونما سے کیا مراد ہے ؟ | ۴ | طفولیت اور لسانی نشوونما سے کیا مراد ہے ؟ |
| ۵ | طفولیت اور جذباتی نشوونما سے کیا مراد ہے ؟ | ۶ | بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کا کیا کام ہے ؟ |
| ۷ | معاشرے کی معاونت کے لیے تعلیم سے متعلقہ دو اداروں کے نام لکھیے | ۸ | شیر خوارگی میں بچے کے کردار کو شکل دینے کے لئے کن نفسیاتی اصولوں سے کام لینا چاہیے ؟ |
| ۹ | تعلیم نے معاشرے میں کیا انقلاب برپا کیا ہے ؟ | | |

## حصہ دوم

نوٹ اس حصہ سے کوئی سے تین سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔ 8 x 3 = 24

| | |
|---|---|
| سوال نمبر 5۔ | رسمی تعلیم ، نیم رسمی تعلیم اور غیر رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے ؟ |
| سوال نمبر 6۔ | " تعلیم ثقافت کی تشکیل نو کرتی ہے " اس کی وضاحت کیجیے |
| سوال نمبر 7۔ | بچپن عمر کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس کے دوران نشوونما کی کیا صورت حال ہوتی ہے ؟ |
| سوال نمبر 8۔ | بچے کے گھریلو ماحول میں کیا باتیں شامل ہیں ؟ اس ماحول کا بچے کی ابتدائی تعلیم پر کیا اثر ہوتا ہے ؟ مثالیں دیجیے |
| سوال نمبر 9۔ | تعلیم سے متعلق ادارے کون کون سے ہیں ؟ ان کے درجہ بدرجہ کردار واضح کیجیے |

ParhloPakistan.com